۱۴۳۵   2/40   21134/146

۱۲ شعبان المعظم
۱۴۳۳ھ

محترم جناب مفتی صاحب!

دار الافتاء،
دار العلوم کورنگی کراچی۔
محترم!

عرض ہے کہ DXN ایک کمپنی ہے جو کہ MLM سسٹم کے تحت کام کر رہی ہے اس وقت دنیا کے 156 ممالک میں موجود ہے۔ کمپنی بنیادی طور پر صحت کے حوالے سے کام کر رہی ہے۔ کچھ ایسی جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ چیزیں ہیں جو انسانی صحت کے حوالے سے بڑی اہمیت کی حامل ہیں۔ خاص طور پر مشروم* جس کا ذکر طب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں بھی ملتا ہے۔ جلد دوئم صفحہ نمبر (250) (حدیث پاک کے مفہوم کے مطابق مشروم* میں شفاء ہے) اس کمپنی میں شامل ہونے والوں کے لئے ممبر شپ فارم کے ساتھ تین طریقے سے (1500 یا 3200 یا 8600) روپے کی خریداری کرکے شامل ہو سکتے ہیں۔ اسکے بعد کمپنی آپ کو یا ہمیں جتنا منافع سیل سے دیتی ہے، ممبر شپ سے نہیں۔ نہ ہی نئے ممبر سے ریفرر والے کو کوئی کمیشن ملتا ہے۔ اور نہ ہی کوئی رائٹ یا بائیں ممبر بنانے والی شرط ہے۔ لیکن ممبر جتنی سیل کر رہا ہے اس میں سے کمپنی اوپر والے کو کمیشن دیتی ہے۔ پھر ممبر جتنی زیادہ سیل کرے گا اس حساب سے اسکو کمیشن ملے گا۔ کوئی فکس کمیشن نہیں ہے۔

* کھمبی

0312-6093409 محمد سلمان

0331-6093409. ممبر DXN کمپنی

2nd Floor (O.P.F) building Block 6 P.E.C.H.S.
Shahra-e-Faisal Laal kothi stop behind Bank
Al-Habib (Islamic) Branch. Karachi.

کمپنی کے طریقہ کار کا خلاصہ:

کمپنی سے اگر کوئی پروڈکٹ لینی ہے تو اس کی دو صورتیں ہیں، ایک یہ کہ اگر صرف پروڈکٹ لینی ہے تو ممبر بننا ضروری نہیں ہے، اور دوسرا یہ ہے کہ اگر پروڈکٹ لینے کے ساتھ کمپنی میں کام کرنا چاہیں تو پھر ممبر بننا ضروری ہے، اور اگر کمپنی کی پروڈکٹ نہیں لینی مگر کام کرنا چاہتا ہے تو بھی ممبر بننا ضروری ہے۔

ممبر بننے سے فائدہ یہ ہے کہ کمپنی ایک کارڈ بنا کر دیتی ہے جس سے کمپنی کی پروڈکٹ ڈسکاؤنٹ کے ساتھ مل جاتی ہیں، کمپنی سے ڈسکاؤنٹ ریٹ پر پروڈکٹ لینے کے بعد مارکیٹ ریٹ پر سیل کرنے کے بعد بچنے والا نفع ممبر کا ہوگا، اور کمپنی یہ اختیار دیتی ہے۔

کمپنی ممبر کو جو کارڈ بنا کر دیتی ہے تو وہ پوری دنیا میں اسطرح کارآمد ہوگا کہ اس پر درج ایک ID ہے، اب اگر کوئی شخص اس ID والے کے توسط سے آئے گا اور کوئی پروڈکٹ خریدے گا تو وہ اُس ID کے ذریعہ کمپنی سے پروڈکٹ خریدے گا، چنانچہ اُس پروڈکٹ کا نفع اُس ID والے کے اکاؤنٹ میں جائے گا۔

مذکورہ کمپنی میں جو شخص پروڈکٹ بیچے گا اُس کو کمپنی سے دو طریقہ پر نفع حاصل ہوگا، ایک طریقہ یہ ہے کہ ڈسکاؤنٹ کارڈ کے ذریعہ کمپنی سے ڈسکاؤنٹ ریٹ پر لیکر اصل قیمت پر بیچنے سے درمیان کا فرق بیچنے والے کا نفع بنتا ہے۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ڈسکاؤنٹ کرنے کے بعد کمپنی کے پاس جو رقم پروڈکٹ کے عوض پہنچتی ہے کمپنی اُس کے دو حصہ کرتی ہے، ایک حصہ کمپنی اُس پروڈکٹ کے اخراجات اور نفع کی مد میں الگ کر لیتی ہے، اور دوسرا حصہ کمپنی کی پروڈکٹ بیچنے والے افراد میں تقسیم کیا جاتا ہے، اور اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ کمپنی کی پروڈکٹ بیچنے والا فرد اگر ماہانہ =/7500 کی سیل کرتا ہے تو اس کو دوسرا نفع ایک خاص تناسب سے دیا جائے گا کام کرنے والے کے کام کے لحاظ سے دیا جاتا ہے، جس کا طریقہ یہ ہے کہ اگر وہ پروڈکٹ بیچنے والا خود کسی اور کے توسط سے کمپنی میں آیا تھا، اور اُس واسطہ بننے والے شخص نے بھی ماہانہ =/7500 کی سیل کی ہو تو اس کو اپنی سیل کا بھی دوسرا نفع ملے گا اور جس شخص کا واسطہ بنا ہے اس کے دوسرے نفع کا بھی حصہ ملے گا، لیکن اگر واسطہ بننے والے شخص نے کام ہی نہیں کیا یا کام تو کیا مگر خود ماہانہ =/7500 کی سیل نہیں کی تو اُس صورت میں اُس کو دوسرا نفع نہ اپنا ملے گا اور نہ اُس شخص جس کا وہ واسطہ بنا تھا۔

کمپنی کے 3 پیکیج ہیں:

(۱)۔ پہلا پیکیج 1500 روپے میں ہے، جس میں اکاؤنٹ اوپننگ فیس 800 روپے اور بقیہ رقم کے بدلہ کمپنی ایک پروڈکٹ اور ایک ڈائری وغیرہ دیتی ہے۔

(۲)۔ دوسرا پیکیج 3200 روپے میں ہے، جس میں اکاؤنٹ اوپننگ فیس 700 روپے اور بقیہ رقم کی مختلف مصنوعات کمپنی اکاؤنٹ کھولنے والے کو دیتی ہے۔

(۳)۔ تیسرا پیکیج 8600 روپے میں ہے، اس پیکیج میں اکاؤنٹ اوپننگ فیس کوئی نہیں ہے، بلکہ جتنی رقم کا پیکیج ہے اتنی رقم کی پروڈکٹ کمپنی اکاؤنٹ کھولنے والے کو دیتی ہے۔

کمپنی کی پروڈکٹ کوئی اور کمپنی نہیں بناتی، اوراس کا متبادل مارکیٹ میں موجود نہیں ہے۔

کمپنی کی پروڈکٹ کی اصل قیمت مع نفع کے کچھ کم بنتی ہے، مگر مارکیٹ ریٹ اس کا زیادہ ہوتا ہے، اور وہ زائد رقم کمپنی پروڈکٹ بیچنے والے کو اوپر بیان کردہ دوطرح کے نفع میں دیتی ہے، مثلاً اگر ایک پروڈکٹ 500 روپے کی ہے تو اس کی قیمت مع نفع کے 300 روپے ہوگی، اور بقیہ 200 روپے پروڈکٹ بیچنے والے افراد کو دو مختلف حیثیتوں سے دیئے جاتے ہیں۔

کمپنی کی طرف سے ممبرشپ لینے کے بعد ممبر شپ کے ساتھ جو پروڈکٹ ملتی ہیں اگر ممبر وہ پروڈکٹ کمپنی کو واپس کرنا چاہے تو کمپنی واپس کی گئی تمام مصنوعات کی سیل ویلیو پر پچاسی فیصد رقم منہا کر کے بقیہ رقم واپس کرے گا۔

واضح رہے کہ کمپنی کی ممبرشپ کے لئے کوئی پروڈکٹ خریدنا ضروری نہیں ہے، البتہ ممبرشپ لینے کے ساتھ پروڈکٹ کمپنی خود دیتی ہے۔

محمد سفیان
ممبر ڈی ایکس این

دار الافتاء

DXN ایک تعارف

پس منظر

DXN کی بنیاد داتو ڈاکٹر لم سیاؤ جن نے رکھی، جو کہ معروف ادارے انڈین انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی سے فارغ التحصیل ہیں۔ داتو ڈاکٹر لم سیاؤ جن نے اپنی اس جستجو میں، کہ مشروم انسانی صحت پر کیا فائدہ مند اثرات مرتب کرتے ہیں، مشروم پر اپنی تحقیق کا آغاز کیا۔ اپنی انتہائی حد درجہ دلچسپی اور لامتناہی کوششوں سے گینوڈرما یا لنگژی جسے نباتات کا بادشاہ بھی کہا جاتا ہے، کے انسانی صحت کو پہنچنے والے فوائد سے پردہ اٹھاتے ہوئے ۱۹۹۳ء میں ملائیشیا میں DXN کی بنیاد رکھی۔

بنیادی طور سے DXN کا بزنس نباتات کی کاشت کاری، مختلف نباتات سے انواع و اقسام کی پراڈکٹس بنانا اور ان پراڈکٹس کو مارکیٹ کرنا شامل ہے۔ ملائیشیا سے DXN تقریباً پوری دنیا میں کام کر رہی ہے، گینوڈرما اور اس سے بنی پراڈکٹس DXN کی خاص وجہ شہرت ہے۔ DXN کی پراڈکٹس میں غذائی سپلیمنٹ، مشروبات، ذاتی استعمال کی اشیاء، جلد کی حفاظت کی مصنوعات، میک اپ کی مختلف اشیاء اور گھریلو استعمال کی اشیاء شامل ہیں سن ۱۹۹۳ء میں اپنی ابتداء سے DXN اپنے انتہائی طاقتور بنیادی فلسفے "One Dragon One World One Market and One Mind" کے تحت دنیا بھر میں کام کر رہی ہے۔ اپنے قیام سے ہی DXN تیزی سے ترقی کے مدارج طے کر رہی ہے، ۳۰ ستمبر ۲۰۰۳ء کو DXN Holdings Berhad کو ملائیشیا اسٹاک ایکسچینج Bursa Malaysia میں رجسٹرڈ کیا گیا۔

DXN Group, DXN Holdings Berhad کی ایک ذیلی سرمایہ کار اور انتظامی کمپنی ہے۔ اپنی ٹھوس بنیاد اور مسلسل کامیابیوں کی وجہ سے DXN نے دوسرے گوناگوں کاروبار کا آغاز بھی کیا جس میں سیاحت، پراپرٹی کا کاروبار، بائیو ڈیزل بنانے کے کاروبار شامل ہیں۔ ان تمام کاروبار میں نیٹ ورک مارکیٹنگ کا شعبہ DXN کے بزنس کا محور ہے۔ دنیا میں تیزی سے ترقی کرنے کے پیچھے DXN کے ممبروں کی پوری دنیا میں تیزی سے بڑھتی ہوئی تعداد ہے، جو کہ تقریباً چار ملین سے زائد ہے۔ DXN گینوڈرما اور اس سے بنی مختلف پراڈکٹس بنانے والے ادارے کے طور پر ٹھوس بنیادوں پر اپنی حیثیت تیزی سے پوری دنیا میں مستحکم کر رہی ہے۔

DXN کا تصور

One Dragon: مکمل عمل، نباتات کی کاشت، خام نباتات سے مصنوعات بنانا، بنائی گئی مصنوعات کو مارکیٹ کرنا، تمام عمل ایک ہی کمپنی خود کرے۔

One World One Market: تمام ممبر دنیا بھر میں صرف ایک ممبر شپ پر کسی بھی ملک میں کام کر کے بونس حاصل کر سکتے ہیں۔

One Mind: کمپنی اور ممبران یکسوئی اور توجہ کے ساتھ DXN کے بزنس کے لئے DXN کے سسٹم کے تحت کام کریں۔

DXN کا فلسفہ

DXN کا فلسفہ کم قیمت مصنوعات بہترین کوالٹی کے ساتھ فراہم کرنا ہے، اور اس کے ساتھ ساتھ زیادہ آمدنی پیدا کرنا جو کہ ڈائریکٹ سیلز کی معیاری اور مثالی صورت ہے۔ یہ ایک ایسا سسٹم ہے جو معاشرے کے ہر فرد کو یکساں مواقع فراہم کرتا ہے چاہے اس کا تعلق کسی بھی طبقے سے ہو۔ DXN کا آزاد کاروباری نظام، اس سے وابستہ ہر شخص کو ذاتی کامیابی اور مالیاتی آسودگی کے بھرپور مواقع فراہم کرتا ہے۔ ان سب میں سب سے اہم بات، بے شمار لوگ DXN کی مصنوعات کو استعمال کر کے اپنی صحت کو بہتر بنا چکے ہیں اور بنا رہے ہیں۔ DXN کا یہ فلسفہ DXN کی نیٹ ورک مارکیٹنگ کی بنیاد ہے جس پر DXN کی نیٹ ورک مارکیٹنگ کی عمارت مضبوطی سے کھڑی ہوئی ہے۔

DXN کے بانی

DXN کی بنیاد داتو ڈاکٹر لم سیاؤ جن نے رکھی، جو کہ دنیا کے مشہور و معروف ادارے انڈین انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کے فارغ التحصیل ہیں۔ داتو ڈاکٹر لم مشروم اور اس کی انسانی صحت پر اثرات میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں۔

۲۰ سال سے زائد عرصے تک احتیاط اور سائنسی بنیادوں پر کی گئی تحقیق کے بعد داتو ڈاکٹر لم نے یہ دریافت کیا کہ گینوڈرما یا لنگژی انسانی صحت پر انتہائی مفید اور مثبت اثرات مرتب کرتا ہے۔ اپنی تحقیق کے نتیجے میں آشکار ہونے والی انتہائی اہم طبی فوائد کے بارے میں معلومات کو اپنے دوستوں اور احباب تک پہنچانا شروع کیا جو اپنی صحت کو بہتر بنانا چاہتے تھے۔ داتو ڈاکٹر لم نے یہاں پر ہی بس نہیں کیا، بلکہ اس سوچ کے حامی تھے کہ وہ ایک کمپنی بنائیں جہاں سے وہ اس کرشماتی مشروم کے فوائد ایک عام آدمی تک پہنچائیں۔ ۱۹۹۳ء میں داتو ڈاکٹر لم کا یہ خواب حقیقت کا روپ دھار کر سامنے آیا جب انھوں نے کدھا (Kidah)، ملائیشیا میں DXN کی بنیاد رکھی۔

برانڈز فاؤنڈیشن

برانڈز فاؤنڈیشن کا قیام ۲۰۰۶ء میں پاکستان کمپنیز آرڈیننس سیکشن ۴۲ سن ۱۹۸۴ کے تحت عمل میں آیا، برانڈز فاؤنڈیشن کا نظام بورڈ آف ڈائریکٹرز کے تحت چلایا جاتا ہے، اس بورڈ آف ڈائریکٹرز میں اعلیٰ سرکاری ملازمت سے وابستہ افراد (Bureaucrats)، اپنے شعبوں سے وابستہ ماہرین، صحافت سے وابستہ افراد، کاروباری طبقہ سے وابستہ افراد، اور انسان دوست افراد شامل ہیں جو پاکستان کے اپنے برانڈز کو دنیا میں ایک پہچان دینے کے لئے کوشاں ہیں۔

۱۰ نومبر ۲۰۱۰ء برانڈز فاؤنڈیشن کی تاریخ میں انتہائی اہم دن ہے جب سیکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP)، حکومت پاکستان نے اس ادارے کو پبلک کمپنی کے طور پر لائسنس کا اجراء کیا۔

اس ادارے کا بنیادی مقصد پاکستان میں بننے والے برانڈز کی سربلندی اور ان کے معیار کی بہتری ہے۔ اس اہم منزل کے حصول کے لئے برانڈز فاؤنڈیشن مندرجہ ذیل خطوط پر کام شروع کیا۔

- پاکستان میں برانڈز کا تمدن، پاکستان میں بننے والے برانڈز کے درمیان ایک صحت مند مقابلہ کے ذریعے قائم کیا جائے۔
- برانڈز کی کوالٹی کا سروے اور برانڈز بنانے والے اداروں کے مفاد کا تحفظ۔
- پاکستان میں برانڈز ریسرچ میں مہارت اور بہتر سے بہتر معیاری برانڈز کی تخلیق۔
- ایک ایسی یونیورسٹی کے بطور سرپرست کام کرے جو پاکستان میں برانڈ ریسرچ میں مہارت اور آگہی پیدا کرے، جو اختیار دیتے ہوئے برانڈز کے معیار میں نکھار لائے، اور موجودہ برانڈز کو اس قابل بنائے کہ وہ مقابلے کے قابل ہو جائیں۔

اسی برانڈز فاؤنڈیشن کے تحت اور اس کے کڑے معیاروں پر پورا اترتے ہوئے، داتو ڈاکٹر لم سیاؤ جن کو میڈل آف دی برانڈ سائنٹسٹ اور DXN اسپائرولینا کو ہربل فوڈ سپلیمنٹ میں برانڈ ایوارڈ مئی سن ۲۰۱۱ء میں عطا کیا گیا۔

DXN یونیز ہی کے مسلسل استعمال سے اپنی مردانہ طبعی کارکردگی کو بلندی پر پہنچایئے۔

- شہری ماحول یا شہروں میں رہنے والے افراد۔
- ایسے افراد جو دل کے امراض کا شکار ہو سکتے ہیں۔

■ جلد پر حفاظتی تہہ قائم کرتے ہوئے جلد کی قدرتی نمی کو ضائع ہونے سے روکتا ہے اور جلد کو نرمی، ملائمیت اور شگفتگی کا احساس دیتا ہے۔

پوٹینز ہی

DXN پوٹینز ہی انتہائی طاقتور غذائی سپلیمینٹ ہے جو اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے، یہ مردانہ جوش اور قوت مردی کا احیاء کرتا ہے۔ DXN پوٹینز ہی میں اعلیٰ کوالٹی کی جڑی بوٹی یوریکوما لونگیفیلیا جیک (ٹونگیٹ علی) (Eurycoma Longifolia Jack -Tingkat Ali) اور بیوٹا سپربا (Bueta Superba) شامل ہیں، جو کہ مردوں کی طبعی قوت کو بڑھانے کے لئے جانی جاتی ہیں۔ ان بوٹیوں کو ایشیائی وائیگرا (Asian Viagra) بھی کہا جاتا ہے۔

DXN پوٹینز ہی کو ان کے علاوہ مزید سات جڑی بوٹیوں کو شامل کر کے مزید اثر انگیز بنایا گیا ہے جن میں گانوڈرماGanoderma، کارڈیسپسCordyceps، کالی مرچBlack Pepper، اجوائنCelery، سبز چائے Green Tea، روٹ آف لیلینگRoot of Lalang، اسٹیم آف کائیوسیکینگ Stem of Kayu Secang شامل ہیں۔ یہ تمام جڑی بوٹیاں عرصے دراز سے قوت مردی کو تقویت دینے اور دوبارہ حاصل کرنے کے لئے جوہر کی حیثیت رکھتی ہیں اور قیمتی خزانہ کے طور پر جانی جاتی ہیں۔

DXN پوٹینز ہی ۹ نایاب جڑی بوٹیوں کا بے مثل مجموعہ ہے جو مردانہ صحت کو انتہائی اعلیٰ درجہ کے فوائد پہنچاتا ہے۔

DXN پوٹینز ہی کے روزانہ استعمال سے مندرجہ ذیل فائدے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

- دوران خون بہتر ہوتا ہے۔
- جسمانی توانائی اور برداشت کی قوت کو بہتر کرتا ہے۔
- ذہنی تھکن اور کمزوری پر قابو پانے میں مدد دیتا ہے۔
- طبعی کارکردگی کو بہتر اور فعال کرتا ہے۔

DXN پوٹینز ہی مردانہ قوت کو بحال کرنے کے لئے ایک انتہائی مطلق حل پیش کرتا ہے۔

DXN پوٹینز ہی کے مسلسل استعمال سے اپنی مردانہ طبعی کارکردگی کو بلندی پر پہنچایئے۔

موناسکس

موناسکس چاول سے بنی پراڈکٹ ہے جسے ایک خمیر موناسکس پرپیورس سے خمیر کیا گیا ہے۔ خمیر شدہ چاول کا قدرتی رنگ لال ہوتا ہے۔ عام طور سے ان کو سرخ خمیر شدہ چاول یا سرخ چاول کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔

بہت سارے ایشیائی ممالک میں موناسکس یا سرخ خمیر شدہ چاول کو بطور غذائی جز استعمال کیا جاتا ہے. اس کے علاوہ اس کو مختلف قسم کے کھانوں میں بطور ذائقہ اور رنگ دینے والے جز کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے جیسے مچھلی، پیکنگ ڈک وغیرہ اور اس کا یہ استعمال 800 A D سے ملتا ہے جب منگ بادشاہت قائم تھی۔

روایتی چائنیز ادویہ کی کتاب Compendium of Materia Medica جو کہ لی شی زین نے مرتب کی اُس میں بھی موناسکس کا تذکرہ موجود ہے، آج کی جدید تحقیق نے یہ بات ثابت کی کہ Monacolin K موناسکس میں پایا جانے والا انتہائی موثر اور اہم جز ہے۔

DXN موناسکس کی خصوصیات:

اپنی انتہائی جدید ٹیکنولوجی، سخت اور کڑی کوالٹی کنٹرول سے تیار کردہ موناسکس DXN نے مارکیٹ کی ضرورت کو سامنے رکھتے ہوئے بنائی ہے۔ انتہائی اعلیٰ کوالٹی کی حامل DXN موناسکس انسانی صحت کی تنظیم کرتا ہے اور صحت کو بہتر بناتا ہے۔

- DXN موناسکس پرپیورس یا سرخ خمیر کو انتہائی اعلیٰ درجہ کے چاولوں پر اگایا جاتا ہے۔
- DXN موناسکس قدرتی پراڈکٹ ہے، جس میں مختلف اجزاء موجود ہیں جیسے Monacolin K۔
- DXN موناسکس میں Monacolin K ایک معیار کے مطابق موجود ہے جو کہ صحت کی بہترین اور مناسب حفاظت کرتا ہے۔
- کیپسول کی شکل میں مارکیٹ کیا گیا ہے اسلئے روزانہ اس کا استعمال انتہائی آسان ہے۔

کون سے افراد DXN موناسکس استعمال کر سکتے ہیں:

- موٹاپے کا شکار افراد۔
- ایسے افراد جو غیر صحت بخش غذا استعمال کرتے ہیں۔
- تناؤ کا شکار افراد۔
- شہری ماحول یا شہروں میں رہنے والے افراد۔
- یسے افراد جو دل کے امراض کا شکار ہو سکتے ہیں۔

DXN ایلو وی سیریز

DXN Aloe. V Series

DXN کی جانب سے جلد کی بہترین حفاظت کے لئے پراڈکٹس کا بیش قیمت مجموعہ، جس میں شامل ہیں۔

- کلینزنگ جیل (Claensing Cream)
- ہائڈریٹنگ ٹونر (Hydrating Toner)
- ایکوا جیل (Aqua Gel)
- نیوٹری کیئر کریم (Nutricare Cream)
- ہینڈ اینڈ باڈی لوشن (Hand and Body Lotion)

مندرجہ بالا پراڈکٹس خاص طور سے ایلو ویرا سے کشید کیے گئے عرق اور دوسرے اہم نباتاتی اجزاء کو شامل کر کے جلد کی حفاظت اور نکھار کے لئے بنائی گئی ہیں، جو جلد کی قدرتی نمی اور جلد کی تازگی کو برقرار رکھتے ہوئے جلد کی حفاظتی تہہ کو ٹوٹنے سے روکتی ہے اور جلد کی چمک دمک اور تابندگی کو برقرار رکھنے میں مدد دیتی ہے۔

DXN ایلو وی کلینزنگ جیل (DXN Aloe. V Claensing Cream)

- یہ صابن سے پاک جلد کی صفائی کرنے کی جیل ہے، جس میں ایلو ویرا کا عرق شامل ہے۔
- جلد میں موجود قدرتی تیل اور نمی کو ختم کیے بنا، نرمی سے جلد کی صفائی کرتی ہے۔
- جلد کی قدرتی pH کو برقرار رکھنے میں مدد کرتے ہوئے، جلد کو نرم و ملائم اور تابندہ رکھتی ہے۔

DXN ایلو وی ہائڈریٹنگ ٹونر (DXN Aloe.V Hydrating Toner)

- جلد کی نمی برقرار رکھنے کے لئے ایلو ویرا کے عرق کے ساتھ وچ ہیزل (Witch Hazel)، اور امینو ایسڈز شامل ہیں جو کہ جلد کی نمی کو خصوصی طور سے برقرار رکھتے ہیں۔
- میک اَپ، آلودگی، جلد کی سطح سے مردہ خلیوں کو صاف کر کے جلد کی ثانوی صفائی کرتا ہے۔
- جلد کی قدرتی نمی کو برقرار رکھتے ہوئے جلد کو صاف، ہموار، متوازن کرتے ہوئے جلد کے مساموں کو کستے ہوئے جلد کو جاذب نظر بناتا ہے۔

DXN ایلو وی ایکوا جیل (DXN Aloe V Aqua Gel)

- آسانی سے جذب ہو کر جلد کی نمی برقرار رکھنے والی جیل جس میں ایلو ویرا سے کشید کیا گیا عرق اور جلد کی نمی برقرار رکھنے والے خصوصی مرطوب اجزاء شامل ہیں۔
- جلد کی تازگی اور خوبصورتی کو تادیر برقرار رکھتی ہے اور جلد کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر کرتے ہوئے جلد کو تازگی اور شگفتگی کا احساس دیتی ہے۔

DXN ایلو وی نیوٹری کیئر کریم (DXN Aloe V Nutricare Cream)

- رات کے وقت استعمال کے لئے ایلو ویرا اور دوسرے نباتاتی عرقیات کے امتزاج سے بنائی گئی کریم جو جلد کی نمی کو ایک حفاظتی تہہ بنا کر نمی کو ضائع ہونے سے روکتی ہے۔
- سوتے میں جلد کو نرم ملائم اور نم رکھنے کے ساتھ ساتھ جلد کے قدرتی مدافعتی نظام اور نمی برقرار رکھنے والے نظام کو فعال کرتے ہوئے جلد کی موثر حفاظت کرتی ہے۔

DXN ایلو وی ہینڈ اینڈ باڈی لوشن (DXN Aloe V Hand & Body Lotion)

- چکناہٹ سے پاک ایلو ویرا کے عرق پر مشتمل نمی برقرار رکھنے والا لوشن۔
- کھردری اور خشک جلد کو تسکین دیتی ہے۔
- جلد پر حفاظتی تہہ قائم کرتے ہوئے جلد کی قدرتی نمی کو ضائع ہونے سے روکتا ہے اور جلد کو نرمی، ملائمیت اور شگفتگی کا احساس دیتا ہے۔

ٹی ٹری کریم: Tea Tree Cream

یہ جلد کو آرام پہنچانے کی خاصیت رکھتی ہے اور ٹی ٹری کے تیل سے تیار کی گئی ہے۔ یہ کریم چھائیوں، جلد کے دانوں اور خارش میں بہت فائدہ مند ہے۔ جلد کی حفاظت کرتی ہے اور اس کو صحت مند رکھتی ہے۔ ایسے خوردبینی جاندار اجسام جو جلد کو نقصان پہنچاتے ہیں ان کے خلاف یہ ایک وسیع خصوصیات کی حامل کریم ہے۔

گانو مساج آئل: Gano Massage Oil

DXN گانو مساج آئل، گانوڈرما اور پام آئل سے تیار کردہ ہے۔ یہ جسم کی مختلف نوعیت کی چوٹ، موچ اور جلنے سے متاثرہ جلد کے لئے فائدہ مند ہے۔ اس کا زیادہ استعمال پٹھوں کو بہتر شکل دیتا ہے، جوڑوں کو رواں رکھتا ہے، جلد کو تر و تازہ کرتا ہے، درد اور جلد کی خرابی سے نجات دیتا ہے۔

(اپنے جسم کو گانو مساج آئل سے ایک نیا تازگی کا احساس دیجئے)

گانوزی شیمپو: Ganozhi Shampoo

DXN گانوزی شیمپو میں گانوڈرما اور وٹامن B5 کی مقدار کی وجہ سے سر کی جلد میں PH تناسب مقدار میں برقرار رہتی ہے۔ یہ بالوں کو صحت مند اور مضبوط رکھتا ہے۔ بالوں کی جڑوں کو صحت مند، بالوں کو مضبوط کرتا ہے اور نئے بالوں کی نشوونما میں اضافہ کرتا ہے۔ اس کا متناسب فارمولا بالوں کو ملائم، صحت مند اور خشبو سے مزین رکھتا ہے، اور بال پور اور چمکدار نظر آتے ہیں۔

یہ بالوں کی مکمل حفاظت کے لئے ایک انقلابی پراڈکٹ ہے۔

گانوزی ٹوتھ پیسٹ Ganozhi Tooth Paste

DXN گانوزی تھ پیسٹ فوڈ جیل، مِنتھول، اور گانوڈرما مشروم سے حاصل کئے گئے قدرتی اجزائے ترکیبی پر مشتمل پراڈکٹ ہے۔ یہ مکمل طور پر فلورائیڈ اور شکر ین سے پاک ہے۔ اس کا مسلسل استعمال دانتوں کو ہر قسم کے امراض سے بچاتا ہے۔ دانتوں کی حساسیت سے نجات دیتا ہے۔ مسوڑھوں کے کسی بھی مسئلے کا تدارک کرتا ہے مسوڑھوں سے آنے والے خون اور سانسوں کی بدبو سے نجات دیتا ہے۔ منہ کو تازگی بخشتا ہے۔

(گانوزی ٹوتھ پیسٹ آپ کے دانتوں اور منہ کی آئیڈیل صحت کے لئے بہترین پراڈکٹ ہے)

گانوزی سوپ: Ganozhi Soap

DXN گانوزی سوپ ایک منفرد اور گانوڈرما کے اجزائے ترکیبی سے مزین صابن ہے۔ یہ آپ کی جلد کو نرم و ملائم احساس دینے کے ساتھ اسے جوان رکھتا ہے۔ یہ ہر طرح کی جلد کیلئے قابل استعمال ہے اور جلد کے خدوخال کو بہتر رکھتا ہے۔ جلد کی قدرتی نمی کو برقرار رکھتے ہوئے اس کی صفائی کرتا ہے۔

DXN ریشی مشروم پاؤڈر: DXN Reishi Mashroom Powder

گانوڈرما لیوسیڈم سے اعلیٰ معیاری طریقے سے حاصل کئے گئے اجزائے ترکیبی کو ایک معیاری پاؤڈر کی شکل میں محفوظ کیا گیا ہے۔ یہ پاؤڈر جسم میں داخل ہو کر آسانی سے خلیات میں نفوذ پزیر ہو جاتا ہے۔ ریشی مشروم پاؤڈر کے استعمال سے انسانی جسم قدرتی گانوڈرما کے تمام فوائد حاصل کر پاتا ہے۔ ریشی مشروم پاؤڈر کو زیادہ عرصے استعمال کرنے سے جسم کو اپنے افعال کی درستگی اور مضبوط قوت مدافعت برقرار رکھنے میں مدد ملتی ہے۔

1 in 3 لنگزی کافی: Lingzhi Coffee 3 in 1

DXN 1 in 3 لنگزی کافی دنیا کی بہترین معیاری کافی، گانوڈرما، بغیر دودھ کی کریم اور کم کیلوریز والی شکر کا بہترین مرکب ہے۔

یہ تمام دن آپ کی توانائی کو نہ صرف بحال رکھتی ہے بلکہ اس میں اضافہ کرتی ہے۔

یہ ذہنی دباؤ اور اعصابی تناؤ کو دور کر کے سکون پہنچاتی ہے۔

یہ کافی گانوڈرما کے مختلف فوائد مہیا کرتی ہے۔

اس کا منفرد ذائقہ آپ کی تمام حسیات کو بحال کر کے آپ کے جسم کو تر و تازہ کرتا ہے۔

تازگی سے بھرپور صحت بخش 1 in 3 لنگزی کافی سے لطف اندوز ہوں۔

لنگزی بلیک کافی: Lingzhi Black Coffee

DXN لنگزی بلیک کافی فوری تیار ہونے والی معیاری کافی اور گانوڈرما کے اجزاء کا ایسا منفرد مرکب ہے جو کسی بھی مصنوعی مٹھاس اور شکر کے بغیر تیار کیا گیا ہے۔ وہ افراد جو اپنی صحت کے بارے میں بہت حساس ہوتے ہیں ان کے لئے ایک نہایت موزوں مشروب ہے۔

کوکوزی: Cocozhi

DXN کا کوکوزی مشروب ایک نہایت اعلیٰ درجے کا معیاری مشروب ہے، جس میں ایک بہت صحت بخش پھل کوکوا، مالٹ، گانوڈرما مشروم، بغیر بالائی کا دودھ، شکر اور ونیلا کا ذائقہ شامل ہے۔ یہ ایک تازگی بخش، توانائی سے بھرپور مشروب ہے۔ جو گھر بھر کے لئے مفید ہے۔ نہایت خوش ذائقہ اور عمدہ معیاری مشروب ہے۔

صحت جو بنی نوع انسان کے لئے ایک انمول اثاثہ ہے، اس کی قیمت پر آج ہم مادی اثاثے بنانے میں مگن ہیں۔ آج اپنے لئے ایک معیاری صحت کا حصول اور اس کی برقراری ہمارے لیے سب سے بڑا چیلنج ہے۔ بڑھتی ہوئی آلودگی نے پانی، غذا اور ہوا پر شدید طور پر متاثر کیا ہے۔ ہمارا جدید طرز زندگی اور اس سے تحفتاً حاصل ہونے والی ذہنی ابتری ہمارے جسم کو اندرونی اور بیرونی طور پر اتنا کمزور کر رہی ہے کہ ہم بیماریوں کے مقابلے میں ڈٹ نہیں سکتے۔

قدرت کے بیش بہا تحفوں میں سے ایک انمول تحفہ وہ جڑی بوٹیاں ہیں کہ جو سالہا سال سے اس زمین پر موجود ہیں اور جن کے فوائد سے لوگ ماضی میں نہ صرف یہ کہ واقفیت رکھتے تھے بلکہ ان کا استعمال بھی کیا جاتا تھا۔

گانوڈرما لیسیڈم ایک انتہائی قیمتی مشروم جو کہ ہزار ہا سال سے چینی روایات کا حصہ ہے۔ یہ ایک انتہائی قیمتی مشروم ہے جو صرف شاہوں کی خوراک تصور کیا جاتا تھا اور کسی عام آدمی کے لئے اس کا حصول ایک خواب تھا۔ چینی شہنشاہ اپنی صحت کو بحال رکھنے کے لئے اس کا استعمال کثرت سے کیا کرتے تھے۔

DXN ملائیشیا سے آغاز کرنے والا ایک ایسا بین الاقوامی ادارہ ہے جس نے قدرت کے اس قیمتی تحفے کو عام لوگوں تک خالص اور بہترین قدرتی شکل میں پہنچانے میں سرکردہ کردار ادا کیا ہے۔

DXN کا نام دنیا میں گانوڈرما کی افزائش کرنے والے ناموں میں سرفہرست ہے۔ اور ملائشیا میں گانوڈرما کی سب سے زیادہ برآمد کرنے والا ادارہ DXN ہے۔

DXN نے جڑی بوٹیوں کی کاشت اور ان سے مصنوعات کی تیاری میں اپنے جداگانہ معیار کی بدولت مشہور بین الاقوامی اداروں سے اسناد حاصل کر رکھی ہیں۔ جن میں ISO17025, ISO14001, ISO9001, Goods Manufacturing Practice (GMP) Therpeutic Goods Administratopm (TGA) اور حلال ہونے کی اسناد وغیرہ شامل ہیں۔

پوٹینزی: Potenzhi

DXN پوٹینزی 9 نایاب جڑی بوٹیوں کا بے مثل مجموعہ ہے، جو صحت کو انتہائی اعلیٰ وجہ کے فوائد پہنچاتا ہے

DXN پوٹینزی کے روزانہ استعمال سے مندرجہ ذیل فوائد حاصل کئے جا سکتے ہیں

- دوران خون بہتر ہوتا ہے۔
- جسمانی توانائی اور برداشت کرنے کی صلاحیت بہتر کرتا ہے
- ذہنی تھکن اور کمزوری پر قابو پانے میں مدد دیتا ہے
- طبعی کارکردگی کو بہتر کرتا ہے

DXB پوٹینزی مردانہ قوت کو بحال کرنے اور مردانہ طبعی کارکردگی کو بہتر بنانے میں مدد کرتا ہے

گانوڈرما لیوسیڈم: Ganoderma Lucidum

گانوڈرما کو چینی زبان میں لنگزی (Lingzhi) اور جاپانی زبان میں ریشی (Reishi) کے نام سے جانا جاتا ہے۔ مشرق میں جڑی بوٹیوں میں صف اول میں یہ شامل ہے۔ نباتات میں (Fung) کے سب سے برتر خاندان (Polyporaceae) سے اس کا تعلق ہے۔ چینی باشندے اس کو کرشاتی بوٹیوں کا سردار مانتے ہیں۔ روایتی چینی طریقہ علاج (TCM) میں گانوڈرما کو جڑی بوٹیوں میں بہترین تدارک کی حیثیت حاصل ہے۔ انسانی تاریخ میں یہ ہزار ہا سال سے مشہور ہے۔ زندگی کے عرصے کو بہترین بنانے اور پائیداری دینے، بڑھتی عمر کے اثرات کو کم کرنے میں بہت استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ جدید سائنسی ریسرچ بھی انسانی زندگی کے معیار کی بہتری اور پائیداری میں گانوڈرما کی افادیت کی تصدیق کرتی ہے۔ کیونکہ یہ انسانی جسم کے خلیات سے فاسد مادوں کے اخراج، اعضاء کے افعال میں توازن، انسانی جسم کے مختلف نظاموں کو قوت پہنچا کر جسم کو تنزلی سے بچانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ DXN نہایت کامیابی سے کافی تعداد میں مختلف نوعیت کی ایسی مصنوعات تیار کر رہی ہے جن میں گانوڈرما مشروم کے قدرتی اجزائے ترکیبی شامل ہیں۔

■ شہری ماحول یا شہروں میں رہنے والے افراد۔

0150

- کھردری اور خشک جلد کو تسکین دیتی ہے۔
- جلد پر حفاظتی تہہ قائم کرتے ہوئے جلد کی قدرتی نمی کو ضائع ہونے سے روکتا ہے اور جلد کو نرمی، ملائمیت اور شگفتگی کا احساس دیتا ہے۔

DXN

گانوڈرما۔ ایک کرشماتی مشروم

آپکی زندگی کے ایک
نئے اور سنہرے
دور کا آغاز

معلوماتی کتابچہ

2nd Floor, OPF Building,
Plot # 20-A / II,
Block 6, P.E.C.H.S,
Shahrah-e-Faisal,
Karachi.
Pone: 9221-34324475-77 (3 Lines)
Fax: 9221-34324479
Email:dxnpakistan@dxn2u.com
Web:www.dxn2u.com
Fax: 9221-34324479
E-mail:dxnpakistan@dxn2u.com
www.pakistan.dxn2u.com

DXN - WORLD WIDE

UAE
Dubai Tel: 971-4-3342107
E-mail: dxndubai@yahoo.com

Kuwait
Tel: 965-5747952
E-mail: kuwaitdxn@yahoo.com

Oman
Tel: 24790038
E-mail:dxnoman@omantel.net. om

Yemen
Aden
Tel: 967-2-0237966

Sanna
Tel: 967-1-562398

Kingdom of Saudi Arabia
Al Khobar
Tel: 966-3-8976657
E-mail: dxnalkhobar@yahoo.com

Jordan
Tel: 962-65525853

Qatar
Tel: 0974-4368351
E-mail: dxnqtr@yahoo.com

Ethopia
Tel: 251-1-61-4806

Australia
Tel: 00612 96892755
Website: www.dxnaus.com.au

Bangladesh
Tel: 0088 018 249887

Canada
Tel: 00604 275 1071
Website: www.dxncanada.com

Germany
Tel: 0049 711 749392 / 176 8767906

Hongkong
Tel: 00852-23886583

India (Chennai)
Tel: 0091- 44 28153273 / 28151773
Website: www.dxnindia.com

Kenya
Tel: 00254 20 20447

Laos
Tel: 00856 21 251921

Malaysia
Tel: 00603 77253388
Website: www.dxn2u.com

Mexico
Tel: 00604 2751 071
Website: www.dxnmexico.com

Mauritius
Tel: 00239 286 2234

Nepal
Tel: 00977 152 1949
Website: www.dxnnepal.com

Newzeland
Tel: 00643 3668595

Pakistan (Karachi)
Tel.: 0092 21 34324477
Email: dxnpakistan@dxn2u.com

Philppines
Tel: 00632 6875091 / 6320174 / 6871604
Website: www.dxnphil.com

Singapore
Tel:00602 62732338 / 62732668
Website: www.dxnsingapore.com

Sri Lanka
00941 575753
Website: www.dxnlnka.com

Sudan
Tel: 00249 1551313
Email: dxnsudan@dxn2u.com

Switzerland
Tel: 0041 62 798 02 56

Taiwan
Tel: 008862 25558002
Email: k223191@yahoo.com

Thailand
Tel: 00662 2741791-3
Website: www.dxnthai.co.th

USA
Tel: 001909 3480188
Website: www.dxnusa.com

Ref. Name..

ID No. ....Tel.:.......................................

کارڈی سپ: Cordyceps

چینی روایتی ادویات میں کارڈی سپ کو ایک نمایاں مقام حاصل ہے۔ یہ انتہائی قیمتی اور قدرتی شاندار اجزاء سے بھرپور جڑی بوٹیوں میں سے ایک ہے۔ دل، گردے، جگر اور نظام تنفس کے افعال میں بہتری کے لئے اس کے اثرات کو نہایت مفید مانا جاتا ہے۔
جدید ریسرچ کے مطابق یہ اینڈوکرائن غدود کے لیول، مدافعتی نظام، خلیاتی توانائی اور جسمانی طاقت کو بہتر بنانے میں نہایت اہم ہے۔
یہ جنسی غیر فعالیت کو دور کرنے، جنسی توانائی کو بڑھانے اور تولیدی جراثیم کی افزائش میں انتہائی مفید ہے۔
(DXN کارڈی سپ کے استعمال سے توانائی کی بھرپور لہر کا لطف اٹھایئے)

مورنزی (مورنڈا اسٹروفولیا)
Morinzhi (Morinda Citrofolia)

DXN مورنزی، استوائی علاقوں میں پائے جانے والے ایک مشہور پودے Morinda Citrofolia (جسے عرف عام میں NONI سے جانا جاتا ہے) سے تیار کردہ مشروب ہے۔ یہ پودا استوائی باشندے اپنی عمومی صحت کی بحالی کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ مورنزی کسی بھی مصنوعی رنگ، ذائقہ، شکر اور محفوظ رکھنے والے کیمیائی مرکبات سے پاک ہے۔ اس میں وٹامن اور مفید معدنیات کی بھرپور مقدار موجود ہے۔ اس کو معیاری صحت کے اصولوں کے مطابق اس طرح محفوظ کیا جاتا ہے کہ اس کو استعمال کرنے والے اس کی تمام قدرتی خوبیوں سے فائدہ اٹھا سکیں۔
(اس غزائیت سے بھرپور مشروب سے لطف اندوز ہوں اور اپنے جسم کو توانا رکھیں)

مورنزائم: Morinzyme

یہ ایک نباتاتی مشروب ہے جس میں تمام قدرتی خامرے (Enzyme) موجود ہیں جو نونی جوس کو خمیر کے عمل سے گزار کر حاصل کئے جاتے ہیں۔ خامرے (Enzyme) استحالہ (Metabolish) کے انتہائی ضروری ہیں، جیسا ہاضمہ کو بہتر کرنا، غزائیت کا جسم میں جزب ہونا، خلیہ کے فعل کو ٹھیک (Regulating) کرنا شامل ہیں۔ حقیقتاً خامروں کے بغیر زندگی کا تصور ناگزیر ہے۔ اپنی روزانہ کی کارگردگی کو مورنزائم سے بہتر بنائیں۔

اسپرولینا: Spirulina

اسپرولینا زمین پر موجود اضافی غزاؤں میں سب سے بہترین Food Supplement ہے۔ (W.H.O) عالمی ادارہ صحت نے اس کو سب سے اعلیٰ خوراک (Food Supplement) کا نام دیا ہے۔ اس میں وہ انتہائی اہم وٹامن اور معدنیات موجود ہیں جن کی انسانی جسم کو بہت زیادہ مقدار درکار ہوتی ہے۔ اسپرولینا میں 60% سے 65% وہ پروٹین پایا جاتا ہے جو کہ دنیا بھر کی سبزیوں سے حاصل کیا جاتا ہے، اس پروٹین کی اتنی مقدار کسی اور سبزی یا پھل میں موجود نہیں ہے۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ اسپرولینا وٹامن A (بیٹا پروٹین)، وٹامن B.Complex، آئرن، امینوایسڈ، GLA Chlorophill Phytonutrients، Phycocyanin اور فائدہ مند غزائی ریشے سے بھرپور ہے۔ یہ ایک بہترین الکلائن غزا ہے۔ DXN کی اسپرولینا کینڈی کسی بھی مصنوعی رنگ، کیمیائی اساسی مرکب سے پاک ہے اور اتنی خالص ہے جتنی قدرت نے ہمیں عطا دی ہے۔

لائنزمین: Lionsmane

لائنزمین کو صدیوں سے چین اور جاپان میں بہت اعلیٰ اور اہم غزا تصور کیا جاتا ہے۔ یہ مشروم تقریباً تمام مفید اور اہم امینوایسڈ اپنے اندر رکھتا ہے جو انسانی جسم کی ضرورت ہیں۔ اس مشروم میں کافی مقدار میں اہم غزائی اجزاء معدنیات، Oleanolic Acid Adenosin، Polysacharides اور پروٹین موجود ہیں۔ یہ مشروم انسانی اعصابی نظام کے لئے انتہائی مفید ہے۔

DXN INTERNATIONAL PAKISTAN (PVT) LTD

2nd Floor, OPF Building, Plot # 20-A/II, Block-6, P.E.C.H.S.,
Shahrah-e-Faisal, Karachi. Ph:9221-3434475-77, Fax: 9221-34324479
Email:dxnpakistan@dxn2u.com ; Web: www.pakistan.dxn2u.com

S.No	Products	Unit	Content	DP	CP	SV	PV
				PKR	PKR	USD	INT
	Health Food Supplement						
1	Cordyceps Tablet	Btl	120 tablets x 300mg	5200.00	6250.00	25.55	60
2	Lion's Mane Herbal Candy	Btl	120 tablets x 300mg	2150.00	2600.00	10.65	26
3	Reishi Mushroom Powder	Btl	22gm	1620.00	1950.00	9.30	22
4	Reishi Mushroom Powder	Btl	70gm	5000.00	6000.00	29.00	70
5	Spirulina Herbal Tablets	Btl	120 tablets x 250mg	1500.00	1800.00	8.45	20
6	Spirulina Herbal Tablets	Btl	500 tablets x 250mg	5250.00	6300.00	28.95	70
	Food & Beverages						
1	Cocozhi	Box	20 sachets x 32gm	1550.00	1850.00	7.35	13
2	Lingzhi Black Coffee	Box	20 sachets x 4.5gm	1120.00	1350.00	5.30	10
3	Lingzhi Coffee 3 in 1	Box	20 sachets x 21gm	1120.00	1350.00	5.30	10
4	Morinzhi	Btl	285ml	1140.00	1370.00	7.00	17
5	Morinzyme	Btl	285ml	1140.00	1370.00	7.00	17
	Personal Care						
1	Gano Massage Oil	Btl	75ml	740.00	890.00	4.25	9
2	Ganozhi Shampoo	Btl	250ml	820.00	990.00	4.65	11
3	Ganozhi Soap	Set	2 bar x 80gm	650.00	780.00	3.20	7
4	Ganozhi Toothpaste	Tube	150gm	520.00	620.00	2.90	6
5	Tea Tree Cream	Tube	30ml	580.00	700.00	2.75	6
	Water Treatment System						
1	DXN Aquazeon Water System	Set		51600.00	61900.00	120.00	300
	New Products						
1	Potenzhi 30's	Btl	30 capsule x 370mg	2250.00	2700.00	11.50	21
2	Potenzhi 90's	Btl	90 capsule x 370mg	5750.00	6900.00	30.00	60
3	DXN Monascus Capsule 30's	Btl	30 capsule x 370mg	1250.00	1500.00	6.40	12
4	DXN Monascus Capsule 90's	Btl	90 capsule x 370mg	3450.00	4150.00	17.70	33
5	DXN Aleo V Aqua Gel	Tube	50 ml	1520.00	1820.00	7.10	14
6	DXN Aleo V Cleansing Gel	Tube	100 ml	780.00	940.00	3.65	7
7	DXN Aleo V Hand & Body Lotion	Btl	250 ml	780.00	940.00	3.65	7
8	DXN Aleo V Hydrating Toner	Btl	100 ml	780.00	940.00	3.65	7
9	DXN Aleo V Nutricare Cream	Tube	30 ml	1070.00	1280.00	5.00	10
	Membership Kits						
1	**Starter Kit with 3 Products** Starter Kit (1 Unit) Lingzhi Coffee 3 in 1 (1 unit) Ganozhi Toothpaste (1 unit) Ganozhi Soap (1 set)	Set	2300. 400.	2650/- پروڈکٹ کی 3200.00		11.40	23
2	**Basic Kit** Starter Kit (1 unit) Toothpaste (1 unit) Corporate CD (1 pc)	Set	1500.	520/- پروڈکٹ کی قیمت 1500.00		2.9	6
3	**Executive Kit** Starter Kit (1 unit) Reishi Mushroom Powder (1 unit) Spirulina Herbal Tablet 120 (1 btl) Lion's Mane Herbal Candy (1 btl) Lingzhi Coffee 3 in 1 (1 box) Gano Massage Oil (1 btl) Ganozhi Soap (1 set) Ganozhi Toothpast (1 tube)	Set	8300. Free	8400/- پروڈکٹ کی اصل قیمت 8600.00		44.05	100

DXN INTERNATIONAL PAKISTAN (PVT) LTD

2nd Floor, OPF Building, Plot # 20-A / II, Block 6, P.E.C.H.S., Shahrah-e-Faisal, Karachi.
Ph: 9221-34324475-77 (3 Lines) Direct: 9221-34324478 Fax: 9221-34324479
E-mail: dxnpakistan@dxn2u.com Web: www.dxn2u.com

MEMBERSHIP FORM

1. Applicant's Particulars: Application Form No:

First Name: AMIR | Middle Name: EJAZ | Last Name: MALL

2. Nationality: PAKISTANI
3. Date of Birth: 10 01 1986
4. Sex: [✓] Male [ ] Female
5. PIN No.:
6. N.I.C. No.: 42301-6233703-5
7. Address: Post Box No | Postal Code | City | Country
FLAT #D6 DOCTORS COLONY JPMC KARACHI
8. Applicants Bank A/C No.: | Name of Bank: | Address:
9. Contact Numbers With Code:
Off: | Mob: 03442524442
Res: | E-mail:
10. Spouse Name: | Relationship:
11. Name of Beneficiary: SARFRAZ DANISH | Relationship: BROTHER
12. Sponsor's Name: ASIF MASOOD | Sponsor's Code: 2800672259

13. APPLICANT'S DECLARATION

i) I declare that all details given are correct. Should there be any false information given, the company reserves the right to terminate this application without prior notice.
ii) I confirm that my spouse and I have not been active for the last 12 consecutive months or my spouse and I have never joined DXN at the time of this application.
iii) I understand that I will be a valid DXN distributor upon approval of this application.
iv) I have read and agreed with all the Rules and Regulations of DXN Marketing Sdn. Bhd.

OFFICE COPY

Signature: ____________________ Date: 07 05 2012

FOR OFFICE USE | Membership Number

Approved/ Disapproved By: ____________________

Branch/ Service Centre: ____________

Input By: ____________________

Date: ____________________

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامداً ومصلیاً

سوال اور اس کے ساتھ منسلکہ کاغذات میں ڈی ایکس این (DXN) نامی کمپنی کے طریقہ کار سے متعلق ذکر کردہ صورتحال کا حکم یہ ہے کہ اگر کوئی شخص محض مذکورہ کمپنی کی مصنوعات خریدنا چاہتا ہے اور اس خریداری کے ذریعہ مذکورہ کمپنی کے مروجہ ممبر شپ سسٹم میں شامل ہونا مقصود نہیں ہے تو اُس صورت میں کمپنی کی جائز مصنوعات خریدنا شرعاً جائز ہے، نفسِ خرید و فروخت میں شرعاً کوئی قباحت نہیں ہے، لیکن اگر اصل مقصد مصنوعات کی خریداری نہ ہو بلکہ ممبر بن کر محض پیسہ لگا کر پیسہ کمانا مقصود ہو تو اُس صورت میں کمپنی کے کسی بھی پیکیج کے ذریعہ کمپنی کی مصنوعات اصل قیمت سے زائد رقم میں خریدنا جائز نہیں ہے، جیسا کہ منسلکہ صفحات میں ذکر کردہ کمپنی کے پیکجز کی تفصیلات میں درج ہے، کیونکہ اِس صورت میں اصل رقم سے زائد رقم اسلئے لگائی جا رہی ہے کہ اس پر مزید نفع ملے گا، لوگ نفع کے لالچ میں آ کر کم قیمت کی چیز مہنگے داموں میں خرید لیتے ہیں، اور یہ جوئے کی ایک صورت ہے جو کہ ناجائز ہے، نیز کمپنی کی مصنوعات کی تفصیلات سے معلوم ہوتا ہے کہ ممبر بننے کی صورت میں کمپنی پروڈکٹ کے ساتھ کچھ ایسی اشیاء (مثلاً کمپنی کی تفصیلات کی ڈائری، سی ڈی وغیرہ) ممبر کو خریدنی پڑتی ہیں کہ جس کی اُس کو کوئی ضرورت نہیں ہوتی، ممبر مجبوری میں وہ اشیاء خریدتا ہے، جبکہ کوئی چیز اس طرح فروخت کرنا کہ اُس کی صورت میں دوسری چیز لازماً خریدنی پڑے جائز نہیں ہے، لہٰذا مذکورہ خرابیوں کے پائے جانے کی صورت میں مذکورہ اسکیم میں شریک ہو کر ممبر بننا اور نفع حاصل کرنا شرعاً جائز نہیں ہوگا، اس سے اجتناب کرنا ضروری ہے۔ (مأخذہ تبویب ۸۸۴/۷۰ و ۱۱۴۷/۶)

واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

محمد طلحہ اقبال عفی عنہ

محمد طلحہ اقبال عفی عنہ

دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی

۲۳/محرم/۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح

۱۴۳۴-۱-۲۳

الجواب صحیح

۱۴۳۴/۱/۲۴

الجواب صحیح

۱۴۳۴/۱/۲۴